فوری ریلیز کے لیے: 2022/12/19 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

گورنر HOCHUL کی جانب سے کولڈ سپرنگ ہاربر لیب کے 57$ ملین کے نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھنے کا اعلان

بائیو میڈیکل ریسرچ میں پیشرفت کی کفالت کے لیے پروجیکٹ

30$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری لانگ آئی لینڈ میں بڑھتے ہوئے حیاتیاتی علوم کی صنعت کو فروغ دیتی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج لانگ آئی لینڈ پر کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کے 57$ ملین کے نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کی تعمیر ایک نئی، سات ایکڑ جگہ پر کی جائے گی جس میں تین جدید ترین تحقیقی عمارات شامل ہیں جو کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کے کیمپس میں سافک اور نساؤ کاؤنٹیوں کی سرحد پر واقع ہوں گی۔ 36,437 مربع فٹ کا نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کی اعصاب کو بتدریج خراب کرنے والی بیماریوں، دماغی و جسمانی فعلیات، مقداری حیاتیات، اور اعصابی مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں سائنسی ترقی کو مزید آگے بڑھائے گا۔ آج کا سنگِ بنیاد نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کی تعمیر کا آغاز ہے، جس کا دسمبر 2025 تک مکمل ہونے کا اندازہ ہے۔ ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ لانگ آئی لینڈ کے لیے مختص ٹرانسفارمیٹو انویسٹمنٹ پروگرام فنڈنگ کے جزو کے طور پر 30$ ملین کیپٹل گرانٹ کے ساتھ اس منصوبے کی معاونت کر رہا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "ان تزویراتی سرمایہ کاریوں کے ساتھ، ہم حیاتیاتی سائنسی علوم کی صنعت کے لیے ایک پاور ہاؤس کے طور پر اس خطے کی حیثیت کو مستحکم کر رہے ہیں اور یہیں لانگ آئی لینڈ پر اگلا عظیم اختراعی مرکز بنا رہے ہیں۔ کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کا کام بائیو میڈیکل تحقیق کے آخری کنارے پر ہے اور، ایک اہم ریاستی سرمایہ کاری کی بدولت، یہ نئی سہولت اسے نیورو سائنس میں نئی اور دلچسپ کامیابیاں حاصل کرنے کے قابل بنائے گی۔ یہاں ریاست نیو یارک میں، ہم مستقبل کی ملازمتوں اور کاروباروں کو بڑھانے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں کہ ہماری ریاست 21ویں صدی کی معیشت میں مقابلہ کرتی رہے"۔

لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا، "ایمپائر اسٹیٹ لانگ آئی لینڈ کو حیاتیاتی سائنسی علوم میں جدت لانے کے لیے ملک کا سب سے بڑا مرکز بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کا آج کا سنگِ بنیاد طبی تحقیق کی کفالت کرے گا جو زندگی میں انقلاب برپا کر دینے والی ادویات اور علاج کا باعث بنے گا جو لانگ آئی لینڈ اور ریاست بھر میں نیو یارک کے مکینوں کی زندگیوں کو بہتر بنائے گا"۔

کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کی تحقیق حیاتیاتی تحقیق میں جدت اور دریافت کو آگے بڑھانے کی کوشش میں اہم ہے۔ نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کے سائنسدان انسانی صحت کی بہتری کے لیے طبی تحقیق پر توجہ مرکوز کریں گے، جس میں انسانی دماغ کی وائرنگ ڈایاگرام کا ادراک اور نقشہ سازی شامل ہے۔ یہ اختراعی ٹیکنالوجی نشوونما کے اعصابی عوارض جیسے کہ آٹزم اور اعصاب کو بتدریج خراب کرنے والی بیماریوں بشمول الزائمر اور پارکنسنز دونوں پر گہرا اثر ڈالے گی۔ ترقیاتی منصوبے کے اضافی مراحل میں اعصابی-مصنوعی ذہانت کے لیے وقف ایک عمارت، اجلاسوں اور تعلیمی پروگراموں کے لیے جگہ، اور لبلبے کے کینسر کے علاج کی جانچ کی سہولت شامل ہو گی۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) کو جدید تحقیق کو آگے بڑھانے والے اس دلچسپ نئے کمپلیکس کی کفالت کرنے پر فخر ہے، جو حیاتیاتی سائنسی علوم کی علاقائی اور ریاست گیر دونوں صنعتوں کو آگے بڑھائے گا بلکہ، زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اعصاب کو بتدریج خراب کرنے والی بیماریوں میں مبتلا لوگوں کی روزمرہ زندگیوں کو بہتر بنائے گا۔ کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری جیسے اپنے بہترین اثاثوں میں تزویراتی طور پر سرمایہ کاری کرکے، ہم نیو یارک کے لیے ایک صحت مند اور زیادہ پُر امید مستقبل کا نقشہ بنانے میں مدد کر رہے ہیں"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیئرمین Kevin Law نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، نیو یارک لانگ آئی لینڈ کے ایسے بصیرت کے حامل اداروں کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے جو اختراعی، زندگی میں انقلاب برپا کرنے والی تحقیق کو آگے بڑھاتے ہیں۔ کولڈ سپرنگ ہاربر لیبز کے نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس میں کام لانگ آئی لینڈ کی تحقیقی راہداری کو مضبوط کرے گا اور دلچسپ نئی دریافتوں کی بنیاد رکھے گا جو ابھی آگے ہونی ہیں"۔

ریاستی سینیٹر Jim Gaughran نے کہا، "میں گورنر Hochul اور لیفٹیننٹ گورنر Delgado کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے یہ یقینی بنانے کی قیادت کی کہ کولڈ سپرنگ ہاربر لیب تیار ہو اور یہ کہ لانگ آئی لینڈ قوم کے لیے ایک جدید تحقیقی مرکز بننا جاری رکھے"۔

رکنِ اسمبلی Charles D. Lavine نے کہا، "کولڈ سپرنگ ہاربر لیب میں اس اہم سرمایہ کاری کے ساتھ، گورنر ایک بار پھر لانگ آئی لینڈ پر ہونے والی ناقابل یقین سائنسی ترقی کے ساتھ اپنی وابستگی کی مثال پیش کر رہی ہیں"۔

لانگ آئی لینڈ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کی شریک چیئر Linda Armyn، بیتھ پیج فیڈرل کریڈٹ یونین کی چیف حکمتِ عملی اور مارکیٹنگ افسر نے کہا، "ہم آج ایک حقیقی تبدیلی لانے والے نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھ رہے ہیں، ایک ایسی جگہ پر جو طویل عرصے سے اہم دریافتوں اور سائنسی تحقیق کا گھر ہے۔ یہ کمپلیکس کولڈ سپرنگ ہاربر لیب (Cold Spring Harbor Lab, CSHL) کی پہلے سے ہی متاثر کن دماغی طاقت کو فروغ دے گا تاکہ وہ ان دریافتوں کو بروئے کار لا سکے جو حیاتی سائنسی علوم کی صنعت میں لانگ آئی لینڈ کی مسلسل قیادت کو یقینی بنائیں گی اور یہاں اور اس سے آگے رہنے والے تمام لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے دیرپا تعاون کریں گی"۔

کولڈ سپرنگ ہاربر لیب کے صدر اور سی ای او Bruce Stillman نے کہا، "CSHL میں نیورو سائنس کی تحقیق کا اگلا محاذ جاری ہے۔ یہاں، نیورو سائنس کے قائدین دماغ میں ہائی ریزولوشن نیورل سرکٹس کے ساتھ نقشہ سازی کر رہے ہیں جو مصنوعی ذہانت کے لیے نئے طریقوں کی رہنمائی کر رہے ہیں۔ میں لیفٹیننٹ گورنر Delgado اور ریاست نیو یارک کا CSHL کی مسلسل معاونت کرنے کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ اس سے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ لانگ آئی لینڈ سائنس اور ٹیکنالوجی میں جدت طرازی کے لیے زرخیز زمین رہے"۔

سنہ 1890 میں قائم ہونے والی کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری بائیو میڈیکل ریسرچ کے لیے دنیا کے معروف مراکز میں سے ایک ہے اور اس نے کینسر، نیورو سائنس، پلانٹ بیالوجی اور مقداری حیاتیات کے پروگراموں کے ساتھ عصری حیاتیاتی تحقیق اور تعلیم کو تشکیل دیا ہے۔ 130 سال سے زیادہ عرصے سے، CSHL کے سائنسدانوں نے بہت سی اہم دریافتیں کی ہیں جنہوں نے علم کو آگے بڑھایا ہے اور بہت سے متنوع شعبوں میں گہری تفہیم پیدا کی ہے جیسے کہ، کینسر کے پہلے جین کی شناخت، جینیاتی تبدیلیاں جو آٹزم کو جنم دیتی ہیں، کا پردہ فاش کرنا، دماغ کے فعل، اور حیاتیات کے لیے ریاضیاتی طریقہ ہائے کار۔ CSHL کے تحقیقی پروگرام معاشرے کو درپیش کچھ انتہائی مشکل مسائل سے نمٹتے ہیں، جن میں الزائمر اور پارکنسنز کی بیماری، جسم کے فعل پر کینسر کے اثرات، اور ہماری فطری ذہانت کی نشوونما کے طریقہ کار کو سمجھ کر مصنوعی ذہانت کو آگے بڑھانا شامل ہیں۔

تزویراتی سرمایہ کاریوں کے ذریعے، نیو یارک بائیو میڈیکل تحقیق و ترقی میں جدید ترین پیشرفت کی تخلیق کو مہمیز دیتا ہے۔ بائیوٹیک اور لائف سائنسز کی صنعتیں ریاست نیو یارک کے لیے ترقی کے طاقتور انجن بن گئی ہیں، جس نے ریاست کے اہم علاقوں کو لائف سائنس کے متحرک ہبز میں تبدیل کر دیا ہے جس میں تحقیق، ترقی، ٹیکنالوجی کی

منتقلی اور کمرشلائزیشن کے مختلف مراحل کے لیے وقف تنظیمیں اور ادارے شامل ہیں۔ کولڈ سپرنگ ہاربر لیبارٹری کا نیورو سائنس ریسرچ کمپلیکس نئی سائنسی اور طبی ایجادات کی تحقیق اور ترقی میں حصہ ڈالے گا اور لانگ آئی لینڈ کی ترقی کرتی ہوئی حیاتی سائنسی علوم کی معیشت کو تیز کرے گا۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418